# جامعہ میں سولھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف واہلحدیث کانفرنس

مورخہ ۲۲ اکتوبر ۹۹ء بمطابق ۱۲ رجب ۱۴۲۰ھ بروز جمعۃ المبارک کو جامعہ کی سولھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز خطبہ جمعۃ المبارک سے ہوا جو کہ جامعہ میں قاری عبدالرحیم کلیم صاحب خطیب ڈیرہ غازی خان نے علم کی فضیلت کے عنوان پر ارشاد فرمایا۔ نماز جمعہ کے فوراً بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر فاضلانہ درس ارشاد فرمایا۔ نماز عصر کے بعد محقق العصر حضرت مولانا حافظ زبیر علی زئی خطیب حضرو (اٹک) نے امام محمد بن اسماعیل بخاری ؒ کی سیرت و فقاہت کے عنوان پر خطاب فرمایا آخر میں حافظ زبیر صاحب نے حاضرینِ تقریب کے سوالات کے جوابات دیئے۔

رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعائے خیر سے تقریب اختتام کو پہنچی یاد رہے کہ اس مرتبہ ۱۵ خوش نصیب طلباء نے سند فراغت حاصل کی جن میں دو طلباء کا تعلق لبنان اور ایک انڈونیشیا سے ہے۔ شعبہ حفظ سے ۲۰ طلباء نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا۔ اللہ تعالی انکے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے۔ اور ان سے دین کا کام لے۔ آمین

# جامعہ اثریہ للبنات جہلم کا بائیسواں سالانہ عظیم الشان اجتماع

مورخہ ۹، ۱۰ اکتوبر بروز ہفتہ، اتوار جامعہ اثریہ للبنات سالانہ اجتماع جامعہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوا۔ اور جامعہ اثریہ للبنات میں پہلی مرتبہ اختتام بخاری شریف کے مبارک موقع پر تقریب صحیح بخاری شریف منعقد ہوئی بخاری شریف کی آخری حدیث پر فاضلانہ درس رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے ارشاد فرمایا۔ علامہ صاحب نے درس بخاری جامعہ کے دفتر میں بیٹھ کر دیا۔ وہاں سے لاؤڈ سپیکر کے ذریعے آواز مستورات تک پہنچائی گئی۔ اجتماع کے پہلے روز آل پاکستان جامعات اور مدارس کی طالبات کے درمیان انعامی تقریری مقابلہ ہوا اور آخری اجلاس میں فارغ ہونے والی طالبات کو اسناد فراغت تقسیم کی گئیں۔ یہ اجلاس حاضری اور تقاریر کے لحاظ سے کامیاب رہا۔

# مرکزی جمعیت اہلحدیث خورد کے زیر اہتمام جلسہ

گزشتہ دنوں جامع مسجد اہلحدیث خورد میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسے کا اہتمام مقامی جمعیت اہلحدیث نے کیا تھا۔ جلسہ کی صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی جلسہ سے مولانا محمد حسین مدنی، مولانا محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔ جہلم سے محمود مرزا جہلمی نے شرکت کی۔ (نشاط احمد خورد جہلم)

## خرم سلیم ولد شیخ محمد سلیم کی افسوسناک وفات

مشین محلہ نمبر ۳ کے رہائشی شیخ محمد سلیم صاحب کے نوجوان صاحبزادے خرم سلیم صاحب گزشتہ دنوں اچانک گھر میں آگ بھڑک اٹھنے سے اس کی لپیٹ میں آگئے۔ جس سے انکی وفات ہوگئی انا للہ وانا الیہ راجعون ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

## حفیظ اللہ بھٹی صاحب کا انتقال پر ملال

مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث کے مستقل نمازی اور جامعہ کے معاون حفیظ اللہ بھٹی صاحب اسسٹنٹ چیف پوسٹ ماسٹر گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

ادارہ ''حرمین'' مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالی مرحومین کی بشری غلطیوں اور گناہوں کو معاف فرماکر اعلی علیین میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

## سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف اور اہلحدیث کانفرنس کے بارے میں اخباری خبریں

### جہلم میں صحیح بخاری اور اہلحدیث کانفرنس کی سالانہ تقریبات کا آغاز

[illegible]

جہلم (نامہ نگار) قرآن و حدیث کی تعلیمات کے بین الاقوامی سطح کے ادارے جامعہ علوم اثریہ جہلم کے سولہویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف اور اہلحدیث کانفرنس کی سالانہ تقریبات کا آغاز نماز جمعۃ المبارک کے موقع پر ملک کے عالم دین اور مرکزی جمعیت اہلحدیث کے راہنما مولانا قاری عبدالرحیم کلیم ڈیرہ غازی خان کے خطاب سے ہوا۔ اس کانفرنس کی صدارت رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی کر رہے ہیں۔ جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر انتظام جہلم کی سب سے بڑی اور خوبصورت جامع مسجد سلطان اہلحدیث میں جہلم شہر کے علاوہ آزاد کشمیر اور پنجاب کے دیگر اضلاع سے آنے والے ہزاروں افراد شریک ہوئے۔ قاری عبدالرحیم کلیم نے خطاب جاری رکھتے ہوئے علم و عمل کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عمل کی اساس علم ہے اور علم کی فضیلت قرآن و حدیث سے مسلمہ ہے۔ مگر ایسا علم جو انسانیت کی بہتری اور انسان کو اللہ اور بندے کے درمیان رابطہ کا ذریعہ بنے وہی علم کی تعریف پر پورا اترتا ہے اور جو علم انسان کو انسانیت سے بے بہرہ کردے۔ اللہ اور بندے کے رشتہ کو توڑ دے اور آخرت کی جوابدہی کے احساس سے محروم کردے وہ انسان کیلئے تباہی و بربادی کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید علوم نے بھی اسلام کی حقانیت کو واضح کر دیا ہے اور ہمیں اسلام کے دو بنیادی ماخذ قرآن و حدیث کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ اور اگر اہل پاکستان اپنے آپ کو قرآن و حدیث کی اطاعت میں دے دیں تو آخروی فلاح کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی عالم اسلام کی قیادت کے قابل ہو سکتے ہیں۔

### تمام مکاتب فکر کیلئے قابل احترام کتاب حدیث امام بخاری کا عظیم کارنامہ ہے

[illegible]

جہلم (نامہ نگار) جامعہ علوم اثریہ جہلم کی سولہویں سالانہ تقریب اہل حدیث کانفرنس کے پہلے دور کے دوسرے پروگرام کی حدیث پر صدارت جامعہ علوم اثریہ کے شیخ الحدیث مولانا پیر محمد یعقوب قریشی الہاشمی نے کی۔ کانفرنس میں علامہ محمد مدنی نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے علاوہ بھاری تعداد میں علماء طلبہ اور عام لوگوں نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام بخاری کا بہت بڑا کارنامہ ہے کہ انہوں نے حدیث کی ایک ایسی کتاب مرتب کی جو مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے ہاں یکساں احترام کی نظر سے دیکھی جاتی ہے اور اس میں تمام احادیث صحت و ثقاہت کے لحاظ سے بلند مقام و مرتبہ کی ہیں اور کوئی بھی حدیث ضعیف یا کمزور نہیں ہے۔ مولانا پیر محمد یعقوب قریشی نے کہا کہ امت محمدیہ اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے آخر الزمان پیغمبر حضرت محمد ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب مبین قرآن حکیم اور حدیث رسول ﷺ کی خود حفاظت فرمائی ہے اور ایسے رجال پیدا کئے کہ انکی شب و روز محنت اور جدوجہد سے آج اسلامی تعلیمات کا ایک ایک لفظ اپنی اصلی حالت میں موجود ہے

# امام بخاری فقہا امت میں نمایاں مقام رکھتے ہیں: علامہ محمد مدنی

## کٹھن دور میں امت مسلمہ کی عظیم خدمت انجام دی: سیمینار سے خطاب

جہلم (نامہ نگار) حضرت امام بخاری محدثین کی جماعت کے سرخیل اور فقہا امت میں سب سے زیادہ بلند مقام رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے نائب امیر اور رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی نے یہاں جامعہ علوم اثریہ جہلم کے تعلیمی سال کے اختتام پر سیرت و فقاہت امام بخاری کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا امسال جامعہ علوم اثریہ تیرہ خوش نصیب طلبہ نے صحیح بخاری شریف تکمیل کرنے کی سعادت حاصل کی اور ایم اے عربی و اسلامیات کے مساوی کورس کر کے سند فراغت حاصل کی سیمینار سے محقق العصر مولانا حافظ زبیر علی زئی خطیب حضرو (اٹک) نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امام بخاری ایک عظیم محدث اور زیرک فہم فقیہ تھے فقہ پر ان کے عبور پر ان کی کتاب صحیح بخاری کے ابواب اور اس کے ذیل میں لائی گئی حدیث کے متن سے ظاہر ہے اور ایک حدیث کتاب کے مختلف مقامات پر بار بار لا کر اس سے مختلف مسائل استنباط فرما کر اپنے فقیہ ہونے کا ثبوت دیا۔ ان کی محنت اور خلوص کا ثمر ہے کہ صحیح بخاری شریف ہر دور میں امت محمدیہ نے قرآن مجید کے بعد سب سے صحیح ترین کتاب کا درجہ دیا اور امام بخاری کو حدیث کے علوم و فنون میں امت مسلمہ کا امام مانا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ امام بخاری کی خدمت حدیث کو ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ امام بخاری نے اس پر فتن دور میں یہ عظیم خدمت انجام دی جب لوگ فلاسفہ یونان کے غلط نظریات سے کافی حد تک متاثر ہو چکے تھے انہوں نے کہا کہ صحیح بخاری کی احادیث کی صحت اور ثقاہت کا کوئی مسلمان انکار نہیں کر سکتا، کیونکہ ان کی احتیاط کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے اس عظیم کتاب صحیح بخاری شریف کو سولہ سال کے طویل عرصہ میں تین لاکھ احادیث سے انتخاب کر کے بغیر تکرار کے قریباً چار ہزار صحیح احادیث پر مشتمل ترتیب دیا انہوں نے کہا کہ امام بخاری کی تربیت حلال طیب اور پاکیزہ مال سے ہوئی اور انہوں نے اسلامی فقہ کے سلسلہ میں وہ شاندار خدمات انجام دیں جو تقلید کے بندھن میں بندھے ہوئے فقہا انجام نہ دے سکے اور ان فقہا کی خود ساختہ فرضی پیچیدگیوں کے برعکس اسلام کی صحیح اور سہل صورت دنیا کے سامنے پیش کی آخر میں انہوں نے حاضرین کے سوالات کے جوابات دیئے اور یہ مبارک تقریب رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعا سے اختتام کو پہنچی۔

---

# مسائل حل کرنے کیلئے امت مسلمہ کو متحد ہونا ہوگا: جمعیت اہلحدیث

## عقائد کی اصلاح کے بغیر اعمال کی کوئی اہمیت نہیں: جلسہ سے مقررین کا خطاب

جہلم (نامہ نگار) اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صرف اللہ تعالیٰ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ کسی امام' فقیہ' عالم' پیر یا کسی مذہبی راہنما کی تقلید یا پیروی کا حکم نہیں دیا۔ ان خیالات کا اظہار ملک کی ممتاز مذہبی و سیاسی شخصیت' نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان اور رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم حضرت علامہ محمد مدنی ایم اے فاضل مدینہ یونیورسٹی نے یہاں سے 60 کلو میٹر دور موضع تھل میں ایک بڑے مذہبی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسہ میں تحصیل پنڈ دادنخان کے بیشتر قصبات اور دیہات سے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جلسہ کی صدارت سید آفتاب احمد شاہ خطیب جامع مسجد تھل نے کی۔ جبکہ چودھری محمد اشرف اور خواجہ خان نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ بعد ازاں تحصیل پنڈ دادنخان کے ممتاز سیاسی راہنما' دانشور اور صحافی' سابق قائد حزب اختلاف ضلع کونسل جہلم جناب محمود مرزا جہلمی نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے رئیس جامعہ علامہ محمد مدنی اور ان کے مرحوم والد حضرت مولانا حافظ عبدالغفور اور ان کے خانوادہ کی دینی اور مذہبی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی' اور ساتھ ہی تحصیل پنڈ دادنخان میں مذہبی اور دینی تبلیغ کیلئے کوششوں کی ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے دینی تجاویز سے آگاہ کیا۔ علامہ محمد مدنی نے مزید کہا کہ عقائد کی اصلاح کئے بغیر تبلیغ' عبادات' صدقہ خیرات اور انسانی فلاح و رفاہ عامہ کے منصوبوں کی کوئی اہمیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو صرف قرآن و حدیث' ایک اللہ ایک رسول' ایک بیت اللہ اور ایک مسجد نبوی کی بنیاد پر متحد ہو متفق ہونا پڑے گا۔ تب ہی ہمارے ذاتی' دنیاوی اور اخروی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ موضع تھل میں یہاں کے مرحوم زمیندار چودھری صوبہ خان ککھر کی طرف سے وقف کردہ جگہ پر مسجد' مدرسہ اور فلاحی مرکز کا قیام عمل میں لایا جائیگا۔ انشاءاللہ۔ تاکہ یہاں کے لوگ دین سے بھی بہرہ ور ہو سکیں اور ساتھ ہی ان کے علاقے کے مسائل کا بھی علاج ہو جائے۔

---

# تمام نظام ناکام ہو چکے، نفاذ اسلام ہی مسائل کا حل ہے: علامہ محمد مدنی

## [illegible]

جہلم (نامہ نگار) پاکستان کے عوام اور حکمرانوں دونوں کو اب یہ بات برملا تسلیم کر لینی چاہئے کہ پاکستان میں بھٹو کا سوشلزم ضیا کا روایتی اسلامی بے نظیر اور نواز شریف کی سیکولر جمہوریت ایوب خان اور یحییٰ خان کی سیکولر آمریت نے پاکستان کے مسائل حل کرنے کی بجائے اسے بین الاقوامی سطح پر تنہا عالم اسلام کی سربراہی سے تذلیل کی سطح تک پہنچا دیا ہے جبکہ اندرون ملک عوام بے روزگاری اور فرقہ پرستی اور بدامنی کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ملک کے ممتاز مذہبی و سیاسی راہنما تحفظ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان کے قائد مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی نائب امیر علامہ محمد مدنی نے یہاں جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر اہتمام جہلم کی سب سے بڑی اور خوبصورت جامع مسجد سلطان میں ہونے والی اہلحدیث کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے ملک کے ممتاز علماء کرام اور راہنماؤں نے بھی خطاب کیا جن میں مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ناظم اعلیٰ میاں محمد جمیل مولانا قاری عبدالحفیظ فیصل آبادی قاری عبدالرحیم کلیم (ڈیرہ غازیخان) مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی مدیر جامعہ اثریہ حسانات حافظ احمد حقیق اور مولانا فیض احمد بھٹی بھی شامل ہیں۔ کانفرنس میں آزاد کشمیر اور پنجاب بھر کے شہروں سے آئے ہوئے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی نے خطاب جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ان حالات میں ارباب اختیار اور اہل پاکستان کو ان بنیادی نظریات کی طرف رجوع کرنا پڑیگا جنکی بنیاد پر پاکستان کی تشکیل عمل میں آئی ہے۔ موجودہ انقلاب کے ارباب اختیار سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ماضی کے تجربات کو دہرانے کی بجائے ملک کے مسائل کے حل کیلئے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات اور قرآن و حدیث کی طرف براہ راست رجوع کریں۔